## سوال

کیااس طرح کی خبروں کو نشر کرنا گرہن کی اہمیت کو کم نہیں کرتا

## جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

کیااس طرح کی خبروں کو نشر کرنا گرہن کی اہمیت کو کم نہیں کرتا؟

---

# الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

اگران خبروں کی اشاعت کوترک کردیا جائے تو یہ احسن وافضل ہے تاکہ لوگ جب اچانک گرہن کو دیکھیں توان پر خوف اور گھبراہٹ طاری ہواور وہ یہ دیکھ کر اللہ سبحانہ وتعالیٰ کی اطاعت وبندگی کےلئے خوب کوشش کریں لیکن بعض ماہرین کی یہ رائے ہے کہ لوگوں کوپہلے سے مطلع کردینے سے یہ فائدہ ہے کہ اس طرح غفلت میں مبتلا ہوجانے کی بجائے وہ اطاعت اور عبادت الٰہی کےلئے باقاعدہ تیاری کرلیتے ہیں کیونکہ بسا اوقات لوگ گرہن کے بارے میں جب غافل ہوتے ہیں توانھیں شعور وآگاہی حاصل نہیں ہوتی اور وہ اطاعت وعبادت کےلئے تیار نہیں ہوتے لہذا اخبارات میں اگرپہلے سے خبر شائع کردی جائے تووہ خبر دار ہوکراس کےلئے مناسب تیاری کرلیتے ہیں اوران خبروں کے شائع کرنے سے اکثر وبیشتر یہی مقصود ہونا چاہیے۔

ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب

[فتاویٰ اسلامیہ]

**ج1ص446**

محدث فتویٰ